York Region DISTRICT SCHOOL BOARD
InspireLearnin

اپنے بچے سے گھر کی زبان میں بات چیت کرنا

ایسے خاندانوں کے لئے ایک وسیلہ جن کے بچے کنڈر گارٹن(Kindergarten) میں ہیں۔

ایک ایسے بچے کے والدین کی حیثیت سے جو ایک نئی زبان سیکھ رہا ہو، آپ اپنے بچے کی اپنی گھر کی زبان بحال رکھنے میں مدد دینے کے لئے ایک اہم رول ادا کرتے ہیں ۔ ریسرچ سے پتہ چلتا ہے کہ دو یا اُس سے زائد زبانیں بولنا آپ کے بچے کی خیروعافیت، زبان اور تعلیمی نشوونما، سوچ بچار، استدلال، اور سیکھنے کی صلاحیتوں کے لئے مفید ہے۔

بچے جوکئی زبانیں بولتے ہیں

خیر و عافیت

- اپنی شناخت کا ایک قوی احساس پیدا کرتے ہیں۔
- اپنی تہذیب اور کمیونٹی سے تعلق برقرار رکھتے ہیں۔
- بھروسہ حاصل کرتے ہیں اور مثبت خود اعتمادی پیدا کرتے ہیں۔
- مضبوط خاندانی رشتے استوار کرتے ہیں۔

زبان اور تعلیمی صلاحیتیں

- تعلیمی صلاحیتیں ایک زبان سےدوسری میں منتقل کرسکتے ہیں۔
- دوسری زبان میں لکھنے پڑھنے کی صلاحیتیں سیکھتے ہوئے اپنی گھریلو زبان میں سیکھی ہوئی لکھنے اور پڑھنے کی حکمت عملیاں استعمال میں لاسکتے ہیں ۔

سوچنے اور استدلال کی صلاحیتیں

- متبادل طریقوں سے سوچ سکتا ہے۔
- پیچیدہ زبان استعمال کرکے خاندان کے افراد سے اپنے خیالات اور نقطہ نظر کا اظہار کرسکتا ہے۔
- منصوبہ بندی اور مسائل کو حل کرنے کی صلاحیتیوں کی نشوونما کرتا ہے۔

سیکھنے کی صلاحیتیں

- اُن کے سیکھنےکے لئے خطرہ مول لیتے ہیں۔
- متعلقہ معلومات پر موئثر انداز میں توجہ دیتے ہیں۔

اپنے بچے کے ساتھ گھر کی زبان کا استعمال کریں :

زبانی بات چیت کی نشونما میں مدد کے لئے:

- اکٹھے کھیلنے کے دوران اپنے بچے سے بات چیت کریں، اور اپنی سرگرمیوں پر گفتگو کریں۔
- اکٹھے روزمرہ کے کام کرتے وقت، جیسے پہلے، بعد میں اور آخر میں کیا کِیا،ُاس کے بارے میں بات چیت کریں۔
- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خاندان کے کسی فرد کو بتائے کہ کوئی کھیل یا سرگرمی کیسے کی جاتی ہے۔

تعلیمی صلاحیتیوں میں مدد کے لئے:

- اپنے بچے کےساتھ روزانہ پڑھیں اور کہانی کے بارے میں بات چیت کریں، جیسے کہ یہ کہانی آپ کو کس چیز کی یاد دلاتی ہے۔
- اپنے بچےکی گھرکی زبان میں پڑھنے میں مدد کریں۔
- اپنے بچے کو مواقع فراہم کریں کہ وہ آپ کو گھر کی زبان میں پڑھتے ہوئے دیکھے۔

* سپورٹنگ انگلش لینگویج لرنرز ان کنڈرگارٹن، *2007 (Supporting English Language Learners in Kindergarten),2007* سے ماخوذ

اسکول میں اپنے بچے کی زبان کی نشوونما میں مدد کریں

اپنے بچےکے کنڈرگارٹن*(Kindergarten)* کے اساتذہ سے اکثر گفتگو کریں اور معلومات کا تبادلہ کریں۔ آپ مندرجہ ذیل کرسکتے ہیں:

- اپنے بچے کی خوبیوں اوردلچسپیوں کے بارے میں بتائیں ۔
- کنڈرگارٹن (Kindergarten) کی ٹیم سے اپنے بچے کے اُن سیکھنے کے تجربات کے بارے میں بات کریں جس میں آپ کا بچہ اسکول سے باہر شامل رہا ہے۔
- اُن سے پوچھیں کہ وہ آپ کے بچے کی انگریزی زبان کی نشونما میں ترقی کےلئے کیسے مدد کرتے ہیں۔
- اُن سے پوچھیں کہ وہ آپ کے بچے کی گھریلو اور کمیونٹی کی زبانوں کی بنیاد کیسے رکھ رہے ہیں۔
- اُن سے پوچھیں کہ کھیل آپ کے بچےکی زبانی بات چیت کی نشونما میں کیسے مدد کرتا ہے۔

گرافکس اونٹاریو کی وزارت تعلیم 2017 سےتشکیل دئیے گئے ہیں۔
(Ontario Ministry of Education 2017)

حوالہ جات

www.yrdsb.ca